شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ

ایک محبُوب اور ہردلعزیز رہنما

شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کو اللہ نے جس طرح بڑوں، بزرگوں، علماء، مشائخ، فضلاء، طلبہ اور عامۃ المسلمین میں محبوبیت بخشی تھی اسی طرح آپ بچوں میں بھی ہر دلعزیز تھے حضرتؒ کی یادوں، شفقتوں، محبتوں اور سیرت وسوانح کا ذکر ہونے لگا تو اہل علم اور اہل قلم حضرات کی طرح بچوں نے بھی اپنی اپنی حیثیت کے مطابق اس میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا اس طرح ہمیں ایسے بچوں کے بھی متعدد مضامین موصول ہوئے جنہیں حضرت شیخؒ سے ملاقات، استفادہ، زیارت اور قربت کا موقع ملا تھا مگر تمام مضامین کی اشاعت کا ریے دار د صفحات کی گنجائش کے پیش نظر ہم صرف اپنے باذوق ناظرین کے لیے حضرتؒ ہی کے خاندان کے بچوں جو حضرتؒ کے پوتے، نواسے ہوتے ہیں کے مضامین نذر قارئین کر رہے ہیں جس سے حضرتؒ کی عظمت ومحبوبیت ہردلعزیزی اور ان سے نسبت کے شرف کے حصول کو بڑوں کی طرح چھوٹے بچوں میں بھی وجہہ افتخار سمجھا جاتا تھا ۔

کچھ طوطیوں کو یاد ہے کچھ بلبلوں کو حفظ　　　عالم میں ٹکڑے ٹکڑے میری داستان ہے